اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دُعائے صحت اجتماع والے دن کے اعلانات

(1) معمول کے اعلانات میں ایڈجسٹ کرتے ہوئے درج ذیل اعلانات بیان کئے جائیں۔

پیاری پیاری اسلامی بہنو!

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! جیسا کہ دعوتِ اسلامی کے تحت "**ہفتہ دُعائے صحت**" منایا جارہا ہے اسی سلسلے میں آج ہم سب "دُعائے صحت **اجتماع**" میں حاضر ہیں۔ تو آپ سب سے بھی التجا ہے کہ اپنے پڑوسیوں، عزیز رشتے داروں، جان پہچان والوں میں جو جو بیمار ہوں **اللہ پاک** کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ان کی عیادت کیجئے، اور اُن کی شفایابی کے لئے دعائیں کیجئے۔

فرمانِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے **۔عُوْدُوا الْمَرِیْضَ یعنی مریض کی عِیادت** کرو۔ (الادب المفرد ص137 حدیث518)

حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدّیق رَضِیَ اللّٰہُ عنہ سے روایت ہے کہ **حضور** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: **حضرتِ مُوسٰی** علیہ السَّلام نے اللہ پاک سے عرض کی: مریض کی عیادت کرنے والے کو کیا اجر ملے گا؟ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا! اُس کے لیے دو فِرِشتے مقرّر کیے جائیں گے جو قِیامت تک اُس کی قبر میں روزانہ اُس کی عِیادت کریں گے۔ (شرح الصدور بشرح حال الموت والقبور ص 951) (حوالہ: مدنی مشورہ مجلسِ شوریٰ 2 تا 5 ذوالقعدۃ الحرام 1437ھ)

آیئے! نیت کرتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ بیماروں کی **عِیادت** کرکے خوب خوب اجر وثواب حاصل کریں گے اور یہ نیت بھی کرلیتے ہیں کہ آج اجتماع میں جو بیمار اسلامی بہنیں تشریف لائیں ہیں بعدِ اجتماع ان کی بھی **عِیادت** کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم

(2) الحمدللہ ! شعبہ روحانی علاج کے ذریعے بیمار، پریشان اسلامی بہنوں کو اسلامی بہنیں ہی تعویذات دیتی ہیں ہر ہفتہ مختلف مقامات پر روحانی علاج کے بستے لگتے ہیں (یہاں اپنے قریبی بستے کا مقام اور وقت شامل کرلیجئے) (جہاں اجتماع گاہ میں بستہ نہ لگتا ہو وہاں یہ اعلان کیا جائے۔) اس کے علاوہ دعوت اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net پر بھی روحانی علاج اور استخارہ سروس موجود ہے اس کے ذریعے بھی گھر بیٹھے تعویذاتِ حاصل کرسکتے ہیں۔

☆ پیاری اسلامی بہنو! آج **دُعائے صحت اجتماع** میں خصوصیت کے ساتھ روحانی علاج کا بستہ لگا ہوا ہے۔ آخر میں قِطار بنا کر منظّم انداز سے تعویذات حاصل فرمائیں۔ {جہاں روحانی علاج کا بستہ لگا ہو صرف وہیں یہ اعلان کیا جائے}

(3) پیاری اسلامی بہنو! آج کے دُعائے **صحت** اجتماع کے اعتبار سے بیماریوں کے روحانی علاج اور اوراد و وظائف سے متعلق کتب ورسائل مکتبۃ المدینہ پر موجود ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ☆ مَدَنی پنج سورہ ☆ گھریلو علاج * نہر کی صدائیں ☆ چڑیا اور اندھا سانپ ☆ زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی ☆ بیمار عابد ☆ 40 روحانی علاج ☆ مینڈک سُوار بچّھو ☆ یہ وقت بھی گزر جائے گا۔ ☆ کام کے اوراد

(مذکورہ رسائل کی **زیارت** بھی کروائی جائے اور اس کا **ہدیہ** بھی بتایا جائے نیز خریدنے کی ترغیب بھی دلائی جائے)

(4) پیاری اسلامی بہنو! آج چونکہ کافی اسلامی بہنیں اس **دُعائے صحت اجتماع** میں موجود ہیں اور آپ ایسی اسلامی بہنوں کو جانتی ہوں گی جو بیمار ہیں اور آج اجتماع میں حاضر نہیں ہوسکیں، اگر آپ چاہتی ہیں کہ ہماری ذمہ داران اُن کے گھر جاکر، عیادت وملاقات کریں تو اُن کا نام، رابطہ نمبر یا ایڈریس آخر میں بتادیجئے گا۔

(5) ہوسکتا ہے کہ کوئی آج پہلی بار اجتماع میں تشریف لائی ہوں تو اب آیئے نیت کرلیجئے کہ کم از کم 12 **ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع** میں پابندی کے ساتھ شرکت کریں گے۔۔۔۔

اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم